# 23-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے آج یقین دہانی کرائی کہ تلنگانہ ریاست کو 50 ہزار ٹن یوریا فراہم کیا جائے گا۔

۲۔ریاستی حکومت نے کھاد کی سربراہی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

۳۔وزیر صنعتیں سریدھر بابو نے موسیٰ ندی میں نئی جان ڈالنے حکومت کے عہد کی دوبارہ تصدیق کی۔

اور

۴۔حیدرآباد میں 9 روزہ نیشنل اسپورٹس فیسٹول کا آغاز ہوا۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے آج یقین دہانی کرائی کہ تلنگانہ ریاست کو واجب الادا مکمل یوریا فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ مزید پچاس ہزار میٹرک ٹن یوریا جلد ہی جاری کی جائے گی۔ یوریا کے ذخائر کے بارے میں تفصیل بتاتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ راما گنڈم میں پیداوار تکنیکی وجوہات کی بنا پر رکی ہوئی ہے۔انہوں نے یہ بات آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات چیت کے دوران کہی۔انہوں نے مزید بتایا کہ ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ اس سلسلہ میں ان کے رابطہ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس اور چین سے یوریا کی درآمدات بھی دوبارہ شروع کی جائیں گی۔ وزیر نے یہ بھی واضح کیا کہ امریکی ٹیرف کا ملک کی کوئلہ صورتحال پر کوئی اثر نہیں ہے اور کوئلہ کی برآمدات میں اضافہ کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت معدنیات کے تبادلہ پالیسی پر غور کر رہی ہے جس کے لیے رہنما خطوط جلد مرتب کیے جائیں گے۔ نائب صدر کے انتخابات پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ این ڈی اے امیدوار کی جیت با آسانی ہوگی۔

MUSI

تلنگانہ کے وزیرآئی ٹی ڈی سرینواس بابو نے آج اعادہ کیا کہ حکومت موسی ندی کی بحالی کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ رکاوٹوں کے باوجود اس منصوبہ سے پیچھے ہٹنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔وزیر نے کہا کہ مستقبل کی نسلوں کے مفاد میں یہ مشن ہر حال میں مکمل کیا جائے گا۔یہ بات انہوں نے حیدرآباد میں انسٹی ٹیوٹ آف ٹاؤن پلانرز انڈیا (آئی ٹی پی آئی) کے تلنگانہ ریجنل چیپٹر کی جانب سے منعقدہ ساؤتھ زون کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔وزیر نے زور دے کر کہا کہ حقیقی ترقی ہمیشہ ماحولیاتی پائیداری کے ساتھ ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صرف عمارتیں کھڑی کرنا ترقی نہیں بلکہ اس کے لئے مناسب پالیسیوں کی ضرورت ہے۔انہوں نے بتایا کہ ریاست پہلے ہی شہری سبزہ زار میں توسیع،کاربن فری ترقی،پانی کے تحفظ اور پائیدار ٹرانسپورٹ جیسے شعبوں میں قومی سطح پر نمایاں مثال قائم کر چکی ہے۔وزیر موصوف نے ٹکنالوجی کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہروں کی منصوبہ بندی میں ماحولیاتی تبدیلی،شہری سیلاب،آلودگی،زیرزمین پانی کی کمی،سبزہ زاروں میں کمی اور تیز رفتار شہری ترقی جیسے مسائل کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے۔کانفرنس میں آئی ٹی پی آئی کے صدر این کے پٹیل،سکریٹری جنرل کل شریشٹھ سمیت ملک بھر سے آئے ہوئے ماہرین و منصوبہ ساز شریک ہوئے۔

RUN

حیدرآباد رنرز سوسائٹی (ایچ آر ایس) کے زیر اہتمام این ایم ڈی سی حیدرآباد میراتھن کے 14 ویں ایڈیشن کا آج آغاز ہوا جس میں 27 ہزار سے زائد رنرز نے حصہ لیا۔یہ ایونٹ 2011 سے ملک کے دوسرے سب سے بڑے میراتھن کی حیثیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔یہ فلیگ شپ ایونٹ دوڑ،صحت مند طرزِ زندگی اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ زیرو لٹر (کچرے سے پاک) مہم کا علمبردار ہے جس کے ذریعہ جدید ویسٹ مینجمنٹ اور پلاسٹک ری سائیکلنگ اقدامات کے تحت سو فیصد

پائیداری کو یقینی بنایا جارہا ہے۔تین روزہ میراتھن کا آغاز فائیو کے فن رن سے ہوا جس میں پانچ ہزار سے زائد افراد نے حیدرآباد کے ہائی ٹیکس کنونشن سنٹر کے قریب شرکت کی۔اصل دوڑ کل ہوگی جس میں 42 کلومیٹر طویل رن پیپلز پلازا سے جی ایم سی بالایوگی اسٹیڈیم گچی باولی تک منعقد ہوگا۔اس کے علاوہ ہاف میراتھن اور ٹن کے رن بھی شامل ہیں۔اس دوران پولیس نے شہر کے مختلف مقامات پر ٹریفک پابندیاں نافذ کی ہیں۔

UREA-BRS

بی آر ایس نے آج الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی کسانوں کو کھاد کی مناسب سپلائی کے معاملہ میں اپنی ذمہ داری سے فرار ہونے کی کوشش کررہی ہے۔سابق وزیر ہریش راو نے مطالبہ کیا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں کھوکھلے بیانات کے بجائے کھاد کے مطالبہ کی تکمیل کے اقدامات کریں۔یہ کہتے ہوئے کہ ریاستی اور مرکزی وزرا متضاد بیانات دے رہے ہیں،انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کھاد کی سربراہی میں ناکام رہی ہے۔کھاد کی کمی کے مسئلہ کا تلنگانہ کی طرح کوئی اور ریاست سامنا نہیں کررہی ہے۔

NATIONAL SPORTS FESTIVAL

ریاستی وزیر اسپورٹس وامور نوجوانان وی سری ہری نے والدین پر زور دیا کہ وہ ابتدائی عمر سے ہی کھیل کود میں دلچسپی بچوں میں پیدا کریں۔انہوں نے حیدرآباد کے گچی باولی اسٹیڈیم میں نو روزہ نیشنل اسپورٹس ڈے فیسٹیول کا افتتاح کیا۔انہوں نے بچپن ہی سے بچوں میں کھیل کود سے متعلق دلچسپی پیدا کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ بچوں کو میدانوں میں کھیل کے سلسلہ میں دلچسپی پیدا کی جائے تاکہ یہ نہ صرف خاندانوں بلکہ قوم اور سماج کے لئے فائدہ مند ہو۔اسپورٹس اتھاریٹی چیرمین شیوسینا ریڈی نے کہا کہ انوکھے پروگرام تیار کئے گئے ہیں تاکہ تمام طرح کی عمر کے بچوں کو اس میں شامل کیا جاسکے۔حیدرآباد کے علاوہ یہ ایونٹس ضلعی مستقروں میں بھی منعقد کئے جائیں گے۔

CPI:

کامریڈ سوروارم سدھاکر ریڈی کی آخری رسومات کل سرکاری اعزازات کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کی ہیں۔ ریاستی چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ کو اس سلسلے میں عہدیداروں کو ضروری ہدایات دینے کے لئے کہا گیا ہے۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ تین دنوں تک تلنگانہ کے چند اضلاع میں ہلکی سے درمیانی بارش کے امکانات ہیں۔ بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔

SPACE DAY:

ملک بھر آج قومی یومِ خلا کا دوسرا جشن منایا گیا۔ اس موقع پر دہلی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی مملکتی وزیر خلاء ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ نجی شعبہ کیلئے خلا کو کھول دینا پچھلے 11 برسوں میں سب سے بڑا اصلاحی قدم رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ریفارم، پرفارم اور ٹرانسفارم" کے منتر کے ساتھ خلا کا شعبہ آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران دنیا نے ہندوستان کی خلائی اور ٹکنالوجی صلاحیتوں کا مشاہدہ کیا۔ ایسٹروناوٹ گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا نے کہا کہ ہندوستان کے سامنے بڑے خواب ہیں، جن میں گگن یان مشن، بھارتیہ انترکش اسٹیشن اور بالآخر چاند پر قدم رکھنا شامل ہے۔ اسرو کے چیرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا کہ 2040 تک ہندوستانی خلائی پروگرام دنیا کے کسی بھی پروگرام کے برابر ہوگا۔

NAVARATHRI:

پولیس نے خبردار کیا ہے کہ گنیش نوراتری کے نام پر چندہ جمع کرنے یا لکی ڈرا منعقد کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ کمرم بھیم۔ آصف آباد ضلع کے ایس پی کانتی لال پاٹل نے بتایا کہ

سات افراد کو غیر قانونی لکی ڈرا منعقد کرنے کے الزام میں حراست میں لیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو پی ڈی ایکٹ کا استعمال کیا جائے گا۔راما گنڈم پولیس کمشنر عنبر کشور جھا نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کوئی گنیش چتورتھی کے نام پر پیسے وصول کرے تو فوراً شکایت درج کرائیں۔

ADD SPACE DAY

راجنا سرسلہ ضلع کے دامنا پیٹ گورنمنٹ اسکول کے سائنس ٹیچر ٹی۔سمپت کمار نے کہا کہ خلائی شعبہ طلبہ کو وسیع مواقع فراہم کرے گا۔اسپیس ڈے کے موقع پر آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہندوستانی خلائی پروگرام عالمی سطح پر اپنے بڑھتے ہوئے کردار کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

SOUND BYTE

UREA MINISTER

ریاستی ٹرانسپورٹ وزیر پونم پربھاکر نے آج ضلع کلکٹرس کو ہدایت دی کہ اپنے اپنے اضلاع میں کھاد (یوریا) کے ذخائر کی مناسب دستیابی کو یقینی بنائیں۔انہوں نے سدی پیٹ، کریم نگر اور ہنمکنڈہ کے کلکٹروں سے اس سلسلے میں بات کی۔وزیر موصوف نے ہدایت دی کہ روزانہ منڈل کی رپورٹ پیش کی جائے جس میں یوریا تقسیم کی تفصیلات شامل ہوں۔

CAMP:

معذورین، معمرین اور ٹرانس جینڈرس محکمہ کی جانب سے ایک روزہ خصوصی کیمپ منعقد کیا جائے گا۔اس میں ٹرانس جینڈرس کے لئے شناختی اور آدھار کارڈ کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔یہ کیمپ 26 اگست کو صبح 10:30 بجے سے ملک پیٹ دفتر، حیدرآباد میں منعقد ہوگا۔

EMPLOYMENT

ریاستی وزیر کانکنی و یویک وینکٹ سوامی نے آج حکام سے کہا کہ ہر روزگار کے متلاشی کو تعاون فراہم کیا جائے۔انہوں نے حیدرآباد میں تلنگانہ اوورسیز مین پاور کام کے اجلاس کا جائزہ لیا۔اس موقع پر وزیر نے کہا کہ حکومت روزگار کے مواقع بڑھانے اور ہنر مندی کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے۔

ADD GANESH:

اس دوران کریم نگر، نلگنڈہ، بھدرادری کوتہ گوڑم اور جنگاؤں کے ضلع کلکٹرس اور ایس پیز نے آنے والے تہواروں کے پیشِ نظر امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے گنیش نوراتری اور میلاد النبیؐ کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔

Review

ریاستی وزرا نا گیشور راؤ اور سریدھر بابو نے یوریا کی سپلائی کے سلسلہ میں سکریٹریٹ میں جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر انہوں نے تیقن دیا کہ ریاست میں یوریا کی سربراہی کو یقینی بنانے کے لئے تمام تر اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کسان اپوزیشن کی مہم سے پریشان نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ آرایف سی ایل میں پیداوار کیوں روک دی گئی ہے اس کی وجوہات معلوم کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔آرایف سی ایل کے سی ای او آلوک سنگھال کو ہدایت دی گئی کہ پیداوار کے مسائل دور کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

☆☆